© rasailojaraid.com

جناب مضطر عباسی ایم اے - مری

مسلسل

# جدید زبانوں کے عربی ماخذ

وزیر :— وزیر عربی لفظ ہے۔ اس کی جمع وزراء ہے۔ اہلِ یورپ انگریزی میں MINISTER فرانسیسی میں MINISTRE ہسپانوی، پرتگالی اور اطالوی میں MINISTRO جرمن میں MINISTER اور روسی میں MINSTR کے کلمات استعمال کرتے ہیں۔ اسپرانتو میں MINISTRO ہے۔ لاطینی میں وزیر کیلئے MINISTER ہے۔ اور ان سب کو لاطینی کے کلمہ MIN سے ماخوذ خیال کیا جاتا ہے، لاطینی میں MIN کے معنیٰ ہیں چھوٹا۔ کم۔ تھوڑا (SMALL) چونکہ وزیر بادشاہ سے کم اور چھوٹے درجے پر ہوتا ہے اس لئے اسے منسٹر (MINISTER) کہتے ہیں۔

دقیق :— دقیق جس سے دقیقہ اور مدقوق کے کلمات ہمارے ہاں رائج ہیں عربی کلمہ ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں، بہت چھوٹا ذرا۔ مادے کا چھوٹا ذرہ دقیق ہے۔ اناج کو کوٹ کر باریک اور چھوٹے چھوٹے ذرّوں میں تبدیل کر کے آٹا بنا لیا جاتا ہے۔ اس لئے آٹے کو دقیق کہتے ہیں۔ باریک اور چھوٹی چیز کے دیکھنے اور سمجھنے میں دقت اور مشکل پیش آتی ہے۔ اس لئے "مشکل" کیلئے بھی دقیق اور اَدَق کے کلمات استعمال ہوتے ہیں۔ وقت کا چھوٹے سے چھوٹا حصّہ یعنی لمحہ اور سیکنڈ دقیقہ کہلاتا ہے۔ عربی کے اس کلمے کے مفہوم کی ادائیگی کیلئے یورپ کی زبانوں میں حسب ذیل کلمات استعمال کئے جاتے ہیں۔ انگریزی MINUTE (باریک، خفیف، چھوٹا، منٹ، لمحہ، لحظہ وغیرہ) فرانسیسی اور جرمن میں بھی یہی لفظ ہے۔ یعنی MINUTE ہسپانوی، اطالوی، پرتگالی اور اسپرانتو MINUTO رومانوی (رومانیہ کی زبان) سویڈش (سویڈن کی زبان) اور ڈینش (ڈنمارک کی زبان) میں MINUT ڈچ (ہالینڈ کی زبان) میں MINUUT ہے۔ انڈونیشیا والے MENIT بولتے ہیں۔ رہے ترک اور سواحلی زبان بولنے والے سو وہ ہماری طرح DAKIKA (دقیقہ) استعمال کرتے ہیں۔

کم ازکم :— جس مفہوم اور معنیٰ کیلئے ہمارے ہاں فارسی کا لفظ کم ازکم استعمال کیا جاتا ہے،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس کے لئے یورپ والے انگریزی میں MINIMUM کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔

یہ تمام کلمات جو یورپ کی زبانوں کے وزیر (MINISTER) دقیق (MINUTE) اور کم از کم (MINIMUM) کے ذیل میں اوپر دئے گئے ہیں اور اسی قسم کے بہت سے دوسرے کلمات بھی ہیں جن کا شمار بیسیوں نہیں سینکڑوں تک پہنچتا ہے ان سب کے بارے میں علمائے لسانیات جدیدہ کا خیال ہے کہ لاطینی کا کلمہ MIN ان کا ماخذ ہے۔

عربی میں مِنْ تبعیض سے تو ہم سب واقف ہیں۔ کون نہیں جانتا کہ یہ "مِنْ" قلت اور کمی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔ لیکن ایک دوسرا لفظ مَنَّ بھی ہے جس سے مَنَّ الشیئی کی ترکیب ہے۔ اور اس کے معنیٰ ہیں کم کرنا۔ مَنّ کاٹ ڈالنے، ختم کر دینے اور کم کرنے کا معنیٰ بھی دیتا ہے۔ جس سے قرآن کریم میں اجر غیر ممنون کی ترکیب استعمال ہوئی ہے۔ اس کے معنیٰ ہیں ختم یا کم نہ ہونے والا اجر۔

انگریزی میں عام استعمال ہونے والے کلمات MINOR (چھوٹا) MINORTY (اقلیت) MINUS (منفی) اور MINUTELY وغیرہ سب کا ماخذ یہی لاطینی کلمہ MIN ہے۔ جو عربی میں مِنْ اور مَنّ دونوں صورتوں میں عربی کے ام الالسنہ ہونے کی گواہی دے رہے ہیں۔

کم:۔ ایک کم اردو اور فارسی کا "کم" ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں تھوڑا، قلیل، ایک عربی کا "کَم" ہے جس کے معنیٰ ہیں "کتنا" جس سے عربوں نے "کمیت" بنایا ہے۔ غور کرنے سے معلوم ہو جاتا ہے۔ کہ اردو اور فارسی کا "کم" عربی کے "کمیت" والے "کم" سے ایک گونہ تعلق اور واسطہ ضرور رکھتا ہے۔ لیکن ہم جس "کم" کی بات کرنے والے ہیں وہ ہے یورپ والوں کا "کم" جس کا ماخذ لاطینی زبان کا کلمہ COM ہے۔ جو CUM کی صورت میں بھی ملتا ہے۔ یہ سابقہ ہے اور اس کے معنیٰ ہیں "ساتھ" "معہ" TOGETHER اور ALTOGETHER ۔ COMBINE (جمع ہونا، ملنا، اتحاد، اجتماع وغیرہ) اور COMPOUND (مرکب، ملا ہوا، مخلوط وغیرہ) قسم کے بیشمار کلمات کے شروع میں یہی لاطینی کا کلمہ COM بطور سابقہ استعمال ہوا ہے۔ اور CUMULATE (مجموعہ) میں اسکی صورت CUM ہے۔ CONTENT (ضخامت، مضامین کی فہرست وغیرہ) قسم کے بہت سے کلمات میں یہ کلمہ بجائے "کم" یعنی COM یا CUM کے "کن" CON کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ مختصر یہ کہ یورپ والوں کے ہاں COM جسکی ایک صورت CUM ہے، اور CON کے کلمات بہت سے کلمات کے شروع میں بطور سابقہ استعمال ہوتے ہیں، اور ان کا مفہوم ہے، ساتھ، معہ، ملحق، ملانا، جوڑنا وغیرہ عربی میں کَمّ اور کَنّ دو لفظ ہیں اور دونوں کے معنوں میں جمع ہونے، ساتھ ہونے ا


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مل جانے کا تصوّر قدرِ مشترک ہے۔ پہلے کے معنی ہیں چھپانا، جمع ہونا اور اکٹھا ہونا، اور دوسرے (کَنّ) کے معنی ہیں چھپانا، حفاظت کرنا، ساتھ ملانا۔ گویا ۔ن۔ (N) اور ۔م۔ (M) ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہوتے ہیں۔ اسی طرح کی صورت ۔قُنّ۔ اور "کُمّ" میں بھی پائی جاتی ہے۔ دونوں کے معنی ہیں "آستین" جبکہ ایک جگہ ۔ن۔ (N) ہے، تو دوسری جگہ ۔م۔ (M)۔

قاعدہ :—— ن (N) اور ۔م۔ (M) کا ایک، دوسرے سے تبدیل ہونا لسانیات کا ایک عام قاعدہ ہے۔ اطالوی اور پرتگالی زبانوں میں چیونٹی کے لئے FORMIGA (فورمیگا) اور اسپرانتو میں FORMIKO (فورمیکو) ہے اور رومانیہ کی زبان رومانین میں چیونٹی کو FORNICA (فورنیکا) کہتے ہیں یعنی M کی جگہ N استعمال کرتے ہیں۔ انگریز اور فرانسیسی لوگ، خزاں کو AUTUMN (آٹم) کہتے ہیں۔ جبکہ اطالوی اور پرتگالی AUTUNNO اور AUTONO (آٹن اور اُوٹونو) کہتے ہیں۔ اسی طرح انگریز اور پرتگالی لوگ "آرام" کے لئے COMFORT (کم فورٹ) اور فرانسیسی، ہسپانوی، رومانین اور اطالوی زبانیں بولنے والے CONFORT (کن فورٹ) لکھتے اور بولتے ہیں۔ عربی میں اور ہمارے ہاں اردو میں بھی ۔ن۔ ساکن ہو کے بعد ۔ب۔ آجائے تو تلفظ میں ۔ن۔ کی جگہ ۔م۔ آجاتا ہے، جیسے ۔کنبہ۔ کہ اسے ہم سب "کمبہ" بولتے ہیں۔ اسی طرح "انبار" کو "امبار" "انبساط" کو "امبساط" "انباز" کو "امباز" "انبوہ" کو "امبوہ" اور "انبیا" کو "امبیا" بولتے ہیں۔ ہر جگہ "ن" "م" کی آواز دیتا ہے۔ چونکہ "ن" (N) ۔م۔ (M) سے بدل جاتا ہے۔ اس لئے انگریزی اور فرانسیسیوں نے خزاں کے لئے "آٹم" کا لفظ رکھا تو املا میں ۔ن۔ اور ۔م۔ دونوں لکھ دئے یعنی AUTUMN اور AUTUMNE۔

کمپنی :—— اوپر کی بات چیت سے دو باتیں سامنے آئی ہیں۔ ایک، یہ کہ اہلِ یورپ کا COM (کَم) بمعنی ساتھ عربی کا "کُمّ" ہے۔ دوسرے یہ کہ ۔ن۔ (N) اور ۔م۔ (M) آپس میں ایک دوسرے کی جگہ بدل جاتے ہیں۔ آئیے ان دونوں کے حوالے سے اہلِ یورپ کی مختلف زبانوں کے مشترک کلمہ COMPANY (کمپنی) بمعنی "ساتھ" "جماعت" "رفاقت" اور "شراکت" وغیرہ کے ماخذ کی تلاش کریں۔ یہ لفظ ۔AC۔ کے ساتھ بھی مستعمل ہے، یعنی ACCOMPANY اہلِ یورپ کا خیال ہے، کہ AC سابقہ ہے جو علامت مصدر (TO) کے طور پر استعمال کیا ہے۔ اصل لفظ COMPANY ہی ہے، جو فرانسیسی میں COMPAGNIE ہسپانوی میں COMPANIA پرتگالی میں COMPANHIA اطالوی میں COMPAGNIA اور روسی میں KOMPANYA ہے، اسپرانتو میں AKOMPANO


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور KOMPANIO دونوں طرح معنیٰ میں معمولی فرق کے ساتھ لکھا اور بولا جاتا ہے۔ یہ لفظ COMPANY دو کلموں سے مرکب ہے۔ COM (کم) ساتھ۔ معہ۔ اور مشترک وغیرہ اور PANY یا PANIO جو PAN (پان) بمعنیٰ روٹی۔ نان۔ BREAD ہے۔ گویا COMPANY کے معنیٰ ہوئے "مشترک روٹی" کھانے پینے میں ساجھے اور شراکت کی کیفیت، لوگ کمپنی کی صورت میں مل کر روٹی کماتے ہیں۔

اس لفظ کمپنی (COMPANY) کے جزوِ اوّل COM (کُم) کی وضاحت اور ماخذ کی نشاندہی کی جاچکی ہے۔ رہا دوسرا جزو یعنی PANY یا PANI اور PAN (پان) سو اس سلسلے میں عرض ہے کہ یہ لفظ اہلِ یورپ کی تحقیق کے مطابق لاطینی کے کلمہ PANIS سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنیٰ ہیں روٹی۔ فرانسیسی میں روٹی کو PAIN ہسپانوی میں PAN اطالوی میں PANE رومانین میں PIINE اور اسپرانتو میں PANO کہتے ہیں اور ہم برِّصغیر کے باشندے بجائے روٹی کے پانی (آب) کو PANI کہتے ہیں۔

غرض PAN کے معنیٰ ہیں روٹی، اہلِ یورپ کی تحقیق کے مطابق اس کا ماخذ لاطینی ہے۔ ممکن ہے ان لوگوں نے لاطینی ہی سے یہ لفظ لیا ہو لیکن لاطینی میں کہاں سے آیا اگر اجازت ہو تو اس بارے میں ہم اپنی گذارشات پیش کریں۔ سو عرض ہے کہ۔ ن۔ اور م۔ کے باہم ایک دوسرے سے بدل جانے کا قاعدہ اوپر ملاحظہ کیا جاچکا ہے۔ اس قاعدے کے مطابق PAN (پان) کا۔ ن۔ (N)۔ م۔ (M) کی بدلی ہوئی صورت ہے۔ یعنی لفظ PAN (پان) نہیں بلکہ PAM ہے۔ انگلینڈ، فرانس، ہسپانیہ، اٹلی، جرمنی اور روس والے بجائے روٹی کے کھجور کے لئے "پام" کا لفظ استعمال کرتے ہیں، املا میں۔ ل۔ زائد لکھتے ہیں، یعنی PALM لیکن بولتے بھی۔ پام۔ ہیں PAM یا PALM عربی میں فَام ہے۔ جو فُوم کی ایک صورت ہے۔ اور فوم کے معنیٰ ہیں۔ روٹی۔ اناج گندم ہر وہ چیز جس سے روٹی بنائی یا پکائی جاسکے اور فَام کے معنیٰ ہیں۔ اس نے روٹی پکائی۔

حاصلِ کلام یہ کہ "کمپنی COMPANY میں COM عربی کا "کَم" ہے اور PAN جو دراصل PAM تھا۔ عربی کا فام اور فوم ہے۔

رہا "پان" یعنی "پام" میں "پ" کا "ف" سے بدلنا سو یہ ایسی واضح اور روشن حقیقت ہے۔ جس پر گفتگو کے دوران تسلیم کرتے ہیں کہ اینگلوسیکسن اور قدیم ہائی جرمن میں بجائے P "پ" کے F "ف" سے لکھا جاتا تھا۔ یعنی PALM نہیں بلکہ FALM ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کھجور :۔۔۔ ردوٹی - پان (PAN) کی بات چیت کے دوران PALM (پام) بمعنی کھجور کا ذکر آگیا تھا۔ سو مناسب نظر آتا ہے کہ اس باب میں بھی چند باتیں عرض کردی جائیں۔ اہل یورپ کی تحقیق یہ ہے کہ PALM (پام) کے اصل معنی کھجور نہیں بلکہ ہتھیلی "کف" اور "ہاتھ" کے ہیں۔ چونکہ کھجور کے درخت کے پتے ہاتھ کی ہتھیلی کی طرح چوڑے ہوتے ہیں۔ اس لئے کھجور کے درخت کو بھی پام (PALM) کہلایا گیا ہے۔ افسوس اس بات کا ہے کہ یورپ والوں کو کھجور کے چوڑے چوڑے پتے تو نظر آگئے لیکن پھل کے موٹے موٹے سنہری گچھے اور خوشے نظر نہ آسکے عربی میں یہی خوشے فومۃ کہلاتے ہیں۔ "و" حرف ثلثت "ا" سے بدل جاتا ہے، جیسے فوم اور فام یا قول اور قال میں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ حاصل کلام یہ کہ کھجور کے درخت کو PALM اور قدیم ہائی جرمن اور انیگلو ساکن میں FALM (پام اور فام) اس کے پتوں کی وجہ سے نہیں بلکہ خوشوں کی وجہ سے کیا گیا ہے، اور اس کا عربی ماخذ "فومۃ" ہے۔

ابجکٹ :۔۔۔ ABJECT حقیر، پست، ذلیل، رسوا، مردود ABJECTION ذلت، خواری، رسوائی وغیرہ OBJECT تردید کرنا، مخالفت کرنا، اعتراض کرنا۔ OBJECTION اعتراض، اختلاف SUBJECT موضوع، بحث، اسی طرح INJECT پچکاری کے ذریعہ دوا جسم میں داخل کرنا، اور REJECT مسترد کرنا، نامنظور کرنا وغیرہ بیشمار کلمات ہیں جو انگریزی اور یورپ کی دوسری زبانوں میں رائج اور مستعمل ہیں۔ مثلاً SUBJECT فرانسیسی میں SUJET ہسپانوی میں SUJETO پرتگالی میں SUJEITO اطالوی میں SOGGETTO اور جرمن میں SUBJEKT نیز اسپرانتو میں SUBJEKTO ہے۔ لغت کی کتابوں میں ایسے کلمات تلاش کئے جائیں تو سینکڑوں کی تعداد میں مل سکتے ہیں، جن میں JECT یا JEKT یا JET وغیرہ کے حروف پائے جاتے ہیں۔ مثلاً پہلا لفظ ABJECT لیجئے اس میں AB سابقہ ہے اور JECT الگ لفظ ہے یہی حال دوسرے کلمات کا ہے۔ ABJECTION میں AB سابقہ اور آخر میں ION لاحقہ ہے۔ باقی اصل مادہ (ROOT) یہی JECT ہے۔ اہل یورپ کی تحقیق کے مطابق JECT کا مادہ اور ماخذ لاطینی زبان کا کلمہ JET ہے، اس وہی جیٹ، (JET) جس سے "جیٹ طیارہ" یا جیٹ ہوائی جہاز کے کلمات بناتے ہیں۔ JET لاطینی زبان کا لفظ ہے، اور اس کے معنی ہیں پھینکنا، قوت اور طاقت کیساتھ دور پھینکنا۔ فرانسیسی زبان میں پھینکنا (THROW) کیلئے JETER اور اسپرانتو میں JETI کے کلمات رائج ہیں۔ پہلے لفظ کے آخر ER اور دوسرے کے آخر "I" (آئی) مصدر کی علامات ہیں۔ اصل مادہ وہی لاطینی کا JET ہے جو عربی میں جہۃ جس سے "جہت" اور "شش جہات" کے کلمات ہمارے ہاں اردو فارسی میں رائج جہۃ یا جہت کے اصل معنی طرف، جانب یا سمت کے ہیں جسکی طرف انسان اپنے آپ کو اپنی توجہ کو یا کسی شئے کو پھینکتا ہے۔ اہل یورپ نے "جہت" کی "ہ" کو ی (E) سے بدل کر جیت (JET) بنالیا ہے۔



© rasailojaraid.com